ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in

آر بی آئی/188/2016-17

آئی ڈی ایم ڈی۔سی ڈی نمبر1454/14.04.050/2016-17

16دسمبر2016

(20اپریل2017 تک مکمل)

دی چیئرمین اینڈ مینجنگ ڈائریکٹر

سبھی اتھرائیزڈ بینکیں

محترم/محترمہ!

پردھان منتری غریب کلیان ڈپازٹ اسکیم (پی ایم جی کے ڈی ایس)2016۔کام سے متعلق رہنما خطوط

یہ مرکزی حکومت کے نوٹیفکیشن ایس او۔4061(E)اور آر بی آئی سرکلر آئی ڈی ایم ڈی سی ڈی ڈی نمبر1453/14.04.050/2016-17 مورخہ 16دسمبر2016 جو پردھان منتری غریب کلیان ڈپازٹ اسکیم (پی ایم جی کے ڈی ایس 2016 (یہاں اسکو ایک اسکیم ہی کہیں گے) کے حوالہ سے تعلق رکھتا ہے اس اسکیم سے متعلق ایف اے کیوز کو ہماری ویب سائٹ(www.rbi.org.in) پر رکھا گیا ہے یہاں پر اس کے کام کے طریقہ سے متعلق رہنما خطوط مندرجہ ذیل طور پر دیئے جارہے ہیں۔

1۔درخواست:

چھپی ہوئی رقم کا اعلان کرنے والے 17دسمبر2016 سے 31مارچ تک کسی بھی بینک میں عام کام کے اوقات میں درخواست فارم حاصل کرسکتے ہیں (کوئی شخص جو اپنی چھپی ہوئی رقم کا اعلان پردھان منتری غریب کلیان ڈپازٹ اسکیم (پی ایم جی کے ڈی ایس) 2016 کیلئے ٹیکس اور سرمایہ کاری رجیم کی سکیشن 199C کے سب سیکشن (1) کے تحت کرنا چاہتا ہے وہ اسکیم کے تحت کوآپریٹو بینکوں کے علاوہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 سے کام کرنے والی کمپنیوں یا بینکوں سے یہ فارم حاصل کرسکتا ہے۔)

2۔اپنے صارف کی ضرورتوں کو پہچانئے۔

(a)اس اسکیم کے تحت رقم جمع کرنے والوں کو فارم۔II، میں رقم، پورا نام، پرمانینٹ اکاؤنٹ نمبر(پین نمبر) بینک اکاؤنٹ کی تفصیل (چھوٹ حاصل کرنے کیلئے) اور اعلان کردہ کا پورا پتہ صاف صاف لکھا ہونا چاہئے۔

(b)اگر اعلان کرنے والے کا پین نمبر نہیں ہے تو اسکو پین کیلئے درخواست دینا ہوگی اور اسکی تفصیل و رسید نمبر دینا ہوگا۔متعلقہ اضافی تفصیل (ای۔میل آئی ڈی وغیرہ) درخواست دہندہ سے مانگی جاسکتی ہے جہاں ضرورت ہو اتھرائزڈ بینکوں کو یہ یقینی بنانا ہوگا کہ درخاست ہر طریقہ سے مکمل ہو۔

(c)۔اس درخواست کے ساتھ رقم جمع کرنے والے کو کل رقم کا کم سے کم 25% فیصد رقم نقد، چیک، ڈرافٹ یا کسی اور الکٹرانک طریقہ کار سے اس اسکیم کے تحت جمع کرنا ہوگا۔

(d)رقم کا اعلان کرنے والے کو بینک کے ذریعہ مکمل اتھرائزیشن کے بعد (فارم۔II کا ایک حصہ) حصولیابی کی رسید دی جائے گی۔

3۔ جمع کی تفصیل بھارت سرکار کو پیش کرنا ہوگا۔

(a)اتھرائزڈ بینکیں فارم V میں ساری جمع کی تفصیل الکٹرانک طریقہ سے بھارت سرکار کے وزارت خزانہ کے ریونیو ڈپارٹمنٹ کو دوسرے دن صبح بھیجنا ہوگی تاکہ اسکی تصدیق کرسکے اسکے بعد ہی ڈکلیریشن کو منظور کیا جائے گا۔(برائے مہربانی سی بی ڈی ٹی۔نوٹیفکیشن نمبر 2016 کا 14 مورخہ 30دسمبر 2016 میں دی ہوئی ہدایات کا حوالہ لیں)

(b)اتھرائزڈ بینکیں اس معاملہ میں حاصل سبھی ڈاٹا (تفصیل) کو خفیہ رکھیں گی۔

4۔جمع رکھنے کا طریقہ کار اور نامزدگی (نامینیشن)

(a) ریزروبینک میں ڈپازٹس کی تفصیل کی حصول پر بانڈس لیجرا کاؤنٹس بنائے جائیں گے اوراسکیم کے تحت جمع ہونے والی رقم اعلان کردہ کے نام پر رکھی جائیں گی۔

(b) اعلان کردہ کو فارم۔ا میں سرٹیفکیٹ آف ہولڈنگ جاری کیا جائے گا۔

(c) ڈپازٹس کی آخری تاریخ: بانڈس لیجرا کاؤنٹ کھولنے کی آخری تاریخ ریزروبینک کے ذریعہ حاصل ڈپازٹس کی تاریخ ہوگی (اتھرائزڈ بینکوں کے ذریعہ بھیجی رقم کی تفصیل) جہاں۔ٹیکس سرچارج اور جرمانہ 31 مارچ 2017 تک صول کرلئے گئے ہوں۔کسی بھی حال میں ڈپازٹس کی تاریخ 30اپریل 2017 کے بعدنہیں بڑھائی جائیگی۔(بھارت سرکار کے 19اپریل 2017 تک نوٹیفکیشن کے ذریعہ ترمیم شدہ تاریخ)

(d) ہولڈراس رقم میں ایک یاایک سے زیادہ لوگوں کونامزد(نامینیٹ) کرسکتا ہے۔

5۔ سود کی ادائیگی:

ان ڈپازٹس پرکوئی بھی سودادانہیں کیا جائے گا۔

6۔آر بی آئی کے کُبیر سسٹم کے ذریعہ طریقۂ کار(پروسیسنگ)

اتھرائزڈ بینکیں ریزروبینک کے کوربینکنگ سولیوشن (سی بی ایس) ''ای۔کُبیر'' میں جمع کی ساری تفصیل اسی دن اپ لوڈ کریں گی جس دن رقم نقدیاالکٹرانک پیمنٹ کے ذریعہ جمع ہوئی ہو یا چیک کے کلیر ہونے کی تاریخ پرجمع ہوئی رقم اسی دن ریزروبینک آف انڈیا کے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کیا جائے گا۔

ای۔کبیر سسٹم میں انٹرنیٹ یاانفنیٹ کے ذریعہ پہونچایا جاسکے گا۔اتھرائزڈ بینکوں کوانکے ذریعہ جمع رقم کوڈاٹا کے ذریعہ داخل کرنا ہوگا۔انکواس بات کویقینی بنانا ہوگا کہ کسی بھی طرح کی کوئی غلطی اس کام میں نہ ہو۔اعلان کردہ کواس وقت درخواست کی رسید کنفرم کی جائے گی۔اتھرائزڈبینک کوہولڈنگ سرٹیفکیٹ ای۔کبیر کے ذریعہ بھیج دیا جائے گا جوکہ صارف کوجاری کردیا جائے گا۔

7۔سروسنگ اورفالواپ:

اتھرائزڈبینکیں آپ کے ذریعہ جمع کی گئی رقم سے متعلق ضروری خدمات بھی مہیا کرائیں گی جیسے بینک اکاؤنٹس کی تفصیل کی تکمیل ،نامزدگی کی منسوخی وغیرہ اتھرائزڈبینکوں کورقم جمع کرنے والے کی درخواست کومحفوظ رکھنا ہوگا جب تک کہ رقم کی واپسی پوری نہیں ہوجاتی۔

8۔اتھرائزڈبینکوں کے لئے کمیشن/ایجنسی بینک چارجز

اتھرائزڈبینکوں کوڈکلرینٹ کوسروس مہیا کرانے یااس اسکیم کے تحت رقم جمع کرنے پرکسی بھی طرح کا کمیشن ایجنسی یابینک چارج نہیں دیا جائے گا۔

9: رابطہ تفصیل:

کسی جانکاری یاوضاحت کیلئے ای۔میل کریں۔

آپ کا مخلص

راجندر کمار

جنرل منیجر